# Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## پاکستان تحریک انصاف کا اکبر ایس بابر کی پریس کانفرنس پر رد عمل

اکبر ایس بابر جیسے ٹاؤٹس کو محض تحریک انصاف کو سیاسی و انتخابی عمل سے باہر رکھنے کی سازش کے تحت لانچ کیا گیا ہے،

ایک لاڈلے کی ملک پر قابض ہونے کی خواہش کو پورا کرنے کیلئے خصوصی فرمائشی پروگرام کے تحت ملک کی مقبول ترین جماعت کے خلاف یہ گھٹیا کھیل رچایا جارہا ہے،

اکبر ایس بابر کا نہ تو تحریک انصاف کی بنیاد سے اور نہ اس کے نظریے سے کوئی تعلق ہے، اس کے مذموم عزائم کا انکشاف ہونے پر آج سے 13 سال قبل پارٹی سے اکبر ایس بابر کی بنیادی رکنیت ختم کردی گئی تھی جس کے بعد اس نے پارٹی کے خلاف ایک سازش کا آغاز کیا،

انٹرا پارٹی الیکشن کرا چکنے کے باجود پاکستان تحریک انصاف نے الیکشن کمیشن کی ہدایات کے پیش نظر تمام آئینی و قانونی تقاضوں کے مطابق انٹرا پارٹی انتخاب کا دوبارہ انعقاد کیا،

تحریک انصاف نے دیگر سیاسی جماعتوں کی طرز پر موروثیت کو فروغ دینے کی بجائے قابلیت کی بنیاد پر عہدیداران کا انتخاب کیا اور نئے چئیرمین گوہر علی خان اس کی ایک زندہ مثال ہیں،

ایک گھسے پٹے سکرپٹ کے تحت انٹرا پارٹی الیکشن کو سبوتاژ کرنے کی کوششیں کرنے والے عناصر کو محض ذلت و رسوائی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا،

تحریک انصاف عام انتخابات کی جانب بڑھتے ہوئے ہر سنگِ میل کو کامیابی سے عبور کرے گی اور انشاءاللہ دو تہائی اکثریت سے فتح حاصل کرکے "بلا راج کرے گا"،

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ